نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ڈیوس روڈلاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

محکمہ زراعت پنجاب نے آبپاش علاقوں میں گندم کی فصل کی فی ایکڑ زیادہ پیداوار کیلئے کھادوں کے متناسب استعمال بارے سفارشات جاری کر دیں

لاہور20نومبر2025() ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے کہا ہے کہ گندم کی فصل میں کھادوں کا متناسب استعمال فی ایکڑ زیادہ پیداوار کیلئے از حد ضروری ہے۔ آبپاش علاقوں میں گندم کی فصل کے لئے آبپاش علاقوں کی کمزور زمین میں دو بوری ڈی اے پی، دو بوری یوریا اور ایک بوری ایس او پی / ایم او پی اور اوسط زمین میں ڈیڑھ بوری ڈی اے پی، پونے دو بوری یوریا اور ایک بوری ایس او پی / ایم او پی فی ایکٹر استعمال کریں جبکہ زرخیز زمین کے لیے سوا بوری ڈی اے پی، ڈیڑھ بوری یوریا اور ایک بوری ایس او پی / ایم او پی فی ایکڑ ڈالیں۔ ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ زنک سلفیٹ (33 فیصد) بحساب 5 کلو گرام اور بورک ایسڈ (17 فیصد) بحساب 2.5 کلو گرام فی ایکٹر بوائی کے وقت استعمال کرنے سے گندم کی پیداوار پر اچھے اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ اگر سابقہ فصل میں زنک سلفیٹ استعمال کی گئی ہو تو گندم کی فصل میں اس کا استعمال نہ کریں۔ گندم کے کاشتکار فاسفورسی اور پوٹاش کھاد کی ساری مقدار اور نائٹروجنی کھاد کی پہلی قسط بوقت بوائی استعمال کریں۔

☆☆☆☆